علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ العبادات (3963) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ غسل کے فرائض، واجبات، سنتیں اور غسل کو واجب کرنے والے اسباب بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نماز جمعہ کی فرضیت اور شرائط تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ روزے کی فرضیت بیان کرتے ہوئے اس کی روحانی اور اخلاقی حکمتوں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ زکاۃ کی ادائیگی کے اجتماعی اثرات اور فوائد کیا ہیں؟ مفصل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حج کا مفہوم اور اہمیت بیان کرتے ہوئے اس کے روحانی اور تربیتی اثرات بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ کفارہ سے کیا مراد ہے؟ اس کی ادائیگی کا طریقہ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ اضطرار (مجبوری) میں حرام اشیاء کے استعمال کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ قربانی کے جانوروں کی اقسام اور ان کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ذبح کی تعریف، شرعی حیثیت اور اس کی اقسام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ذبح کے اسلامی آداب بیان کریں۔ (20)